# 12-09-2026  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کہا ہے کہ حیدرآباد، رنگاریڈی اور میڑچل ۔ملکاجگری اضلاع پر مشتمل کیوآر کے دائرہ کار کو جدید ٹکنالوجی کے ذریعہ ترقی دینا حکومت کا مقصد ہےاوراسی کے مطابق قانون لایا جائیگا۔

۲۔وزیر ریونیو پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ عوامی املاک کے تحفظ کے مقصد سے حکومت نے ریونیواصلاحات شروع کی ہیں۔

۳۔وزیراعظم نریندر مودی نے برکس کی صدارت ہر سال تبدیل ہونے کے باوجود گروپ کی ادارہ جاتی سرگرمیوں اور تسلسل کو برقرار رکھنے کے لئے برکس Continuity and Implementation Mechanism قائم کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔

۴۔ریاست میں آج اور کل بڑے پیانہ پر بارش ہونے کا امکان ہے۔

BRS MOCK ASSEMBLY

کانگریس حکومت کی پالیسیوں کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے بی آر ایس کے ارکان اسمبلی نے آج اپنی پارٹی کے دفتر تلنگانہ بھون میں تمثیلی اسمبلی کا انعقاد کیا۔اس اجلاس میں ظہیرآباد کے رکن اسمبلی مانک راؤ نے اسپیکر، سابق وزیرٹی سرینواس یادو نے وزیراعلیٰ جبکہ پی راجیشور ریڈی اور گنگولا کملاکر نے وزراء کے کردار ادا کئے۔اجلاس کے دوران فیس ری ایمبرسمنٹ، 22A کا معاملہ، پانی کی تقسیم، کانگریس حکومت کے ایک ہزار دن کی حکمرانی اور انتخابی وعدوں کے بشمول مختلف امور پر بحث کی گئی۔

DESK

VINAYAK CHATURTHI

ریاست بھر میں پیر سے شروع ہونے والی گنیش نوراتری کی تیاریوں میں تیزی آ گئی ہے۔ حیدرآباد کے خیریت آباد میں گنیش کی پہلی پوجا کے لئے آنے کی دعوت منتظمین نے گورنر شیوا پرتاپ شکلا کو دی ہے۔ پیر کو گنیش نوراتری کے آغاز کے پیش نظر حیدرآباد کے خیریت آباد علاقہ میں آج سے ٹریفک پابندیاں نافذ کردی گئی ہیں۔ پولیس کے مطابق اس ماہ کی 24 تاریخ تک روزانہ صبح 11 بجے سے رات تک ٹریفک پابندیاں جاری رہیں گی۔ خیریت آباد گنیش کے درشن کے لئے آنے والے افراد کو کسی قسم کی دشواری پیش نہ آئے، اس کے لئے ٹریفک کو متبادل راستوں کی جانب موڑا گیا ہے۔

DESK

WEATHER

ریاست میں آج اور کل بڑے پیمانہ پر بارش ہونے کا امکان ہے۔ حیدرآباد کے محکمہ موسمیات کے مطابق جنوبی اڈیشہ میں بننے والے کم دباؤ کے علاقہ کے زیر اثر متحدہ عادل آباد، ملگ، محبوب آباد، نلگنڈہ، سوریہ پیٹ، کھمم، بھدرادری کوتہ گوڑم کے بشمول دیگر اضلاع میں شدید بارش کا امکان ہے جبکہ باقی اضلاع میں ہلکی تا اوسط بارش متوقع ہے۔ دریں اثنا، آج ریاست کے کئی اضلاع میں بڑے پیمانہ پر بارش ہورہی ہے۔ محکمہ موسمیات نے آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران اوسط تا شدید بارش کا امکان ظاہر کرتے ہوئے کئی اضلاع کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا ہے۔ آصف آباد ضلع کے ریبنا منڈل مستقر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ریاست میں سب سے زیادہ 62.3 ملی میٹر بارش ریکارڈ کی گئی۔

DESK

CHEYUTHA APPLICATIONS

ریاست میں چیوتا پنشن کے لئے درخواستیں داخل کروانے کی آخری تاریخ حکومت نے توسیع کرکے اس ماہ کی 15 تاریخ کر دی ہے۔ حکام کے مطابق تصدیقی دستاویزات حاصل کرنے میں تاخیر کے باعث یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔حکومت نے درخواست گزاروں کو ہدایت دی ہے کہ تصدیقی دستاویزات کے بغیر بھی پہلے درخواستیں جمع کرا دیں اور جانچ کے وقت متعلقہ دستاویزات پیش کریں۔

DESK

SRIDHAR BABU

ریاستی وزیر سریدھر بابو نے کہا ہے کہ حیدرآباد، رنگاریڈی اور میڑچل۔ ملکاجگری اضلاع پر مشتمل کیوآر کے دائرہ کار کو جدید ٹکنالوجی کے ذریعہ ترقی دینا حکومت کا مقصد ہے اور اسی کے مطابق قانون لایا جائے گا۔انہوں نے بتایا کہ 2090 لائیڈ رسروے نمبروں میں مکانات اور تالابوں کی تری ڈی میاپنگ کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ کاروباری قرضوں کی منظوری میں پیش آنے والی مشکلات کو دور کرنے کے لئے مختلف قوانین میں ترامیم کی جارہی ہیں۔انہوں نے آج اسمبلی میں بتایا کہ ترمیم شدہ قوانین کے بارے میں کلکٹروں اور کاروباری افراد میں بڑے پیمانہ پر شعور بیدار کیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ تجارت کو آسان بنانے کے مقصد سے 'عوامی اعتماد قانون' لایا گیا ہے جس سے چھوٹے کاروباری افراد کو کافی فائدہ ہوگا۔انہوں نے ایم ایس ایم ای شعبہ کے فروغ کے لئے بھی حکومت کے اقدامات کا ذکر کیا۔

MSM

PM BRICS ADDRESS

وزیراعظم نریندر مودی نے برکس کی صدارت ہر سال تبدیل ہونے کے باوجود گروپ کی ادارہ جاتی سرگرمیوں اور تسلسل کو برقرار رکھنے کے لئے برکس Continuity and Implementation Mechanism قائم کرنے کی تجویز پیش کی ہے۔ نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں برکس سربراہی اجلاس 2026 کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس میکانزم کے ذریعہ ٹرائیکا کے تحت تمام اقدامات اور اجلاس کے نتائج پر موثر انداز میں عمل درآمد اور فالو اَپ یقینی بنایا جاسکے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ برکس ممالک کو آئندہ 20 برسوں کے لئے ایک نیا اور بلند حوصلہ ایجنڈہ تیار کرنا ہوگا جس کا آغاز خود گروپ کے کام کرنے کے طریقہ کار میں بہتری سے ہونا چاہیے۔

(S/B: Narendra Modi)

انہوں نے سمندری جہازوں کے عملہ کے لئے Seafarers Emergency Support Network قائم کرنے کی بھی تجویز دی تاکہ مشکل حالات میں متعلقہ ممالک کی بحری اتھارٹیز اور سفارتی مشنس کے درمیان رابطہ کے ذریعہ فوری مدد فراہم کی جاسکے۔ مودی نے کہا کہ اب وقت آگیا ہے کہ برکس ممالک کے درمیان اتحاد اور اتفاقِ رائے کو عالمی سطح پر ٹھوس نتائج میں تبدیل کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ برکس کسی کے خلاف نہیں بلکہ سب کو ساتھ لے کر آگے بڑھنے کے اصول پر کام کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سال برکس اپنی 20 ویں سالگرہ منا رہا ہے اور گزشتہ دو دہائیوں میں اس نے عالمی سطح پر اپنی منفرد شناخت قائم کی ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ ہندوستان کی برکس صدارت عوام مرکوز اور انسانیت کو اولین ترجیح دینے کے

نقطہ نظر پر مبنی ہے جبکہ لچک، جدت، تعاون اور پائیداری اس کی اہم ترجیحات رہی ہیں۔ اسی ویژن کے تحت ملک کے تقریباً 30 شہروں میں 350 سے زائد اجلاس منعقد کئے گئے۔

عالمی جنوب کے سلسلہ میں مودی نے کہا کہ یہ ممالک عالمی بحرانوں میں سب سے آگے ہیں لیکن فیصلہ سازی میں پیچھے رہ جاتے ہیں۔ انہوں نے 'خصوصی مراعات کی ساخت' کو 'شراکت داری کے پلیٹ فارم' میں تبدیل کرنے پر زور دیتے ہوئے عالمی حکمرانی میں اصلاحات کے لئے 10 تجاویز مشترکہ طور پر تیار کرنے کی تجویز پیش کی جنہیں آئندہ سربراہی کانفرنس تک بر کس اصلاحاتی روڈ میاپ کی شکل دینے کا ہدف ہے۔

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں اصلاحات کے معاملہ پر وزیر اعظم نے کہا کہ اب مزید تاخیر نہیں کی جاسکتی۔ انہوں نے اس سلسلہ میں مذاکرات کو واضح مدت اور ٹھوس نتائج سے منسلک کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے عالمی مالیاتی اداروں میں ووٹنگ کے اختیارات، قیادت کے عہدوں اور پالیسی ترجیحات کو موجودہ معاشی حقائق کے مطابق ڈھالنے کی ضرورت بھی اجاگر کی۔

BRICS TEAM

Legislative Council

وزیر اسپورٹس سری ہری نے کہا کہ حکومت ریاست کو کھیلوں کی طاقت بنانے کے لئے اقدامات کر رہی ہے اور کھیلوں کو تعلیم سے مربوط کرتے ہوئے بین الاقوامی سطح کے کھلاڑی تیار کئے جائیں گے۔ انہوں نے آج قانون ساز کونسل میں بتایا کہ بین الاقوامی معیار کے مطابق کھلاڑیوں کی تربیت کے مقصد سے 'ینگ انڈیا فزیکل ایجوکیشن اینڈ اسپورٹس یونیورسٹی' قائم کرنے کے لئے حکومت اقدامات کر رہی ہے۔

MSM

ASSEMBLY

ریاستی قانون ساز اسمبلی کے مانسون اجلاس کے چھٹے دن آج صبح اجلاس شروع ہوتے ہی وزیر امور مقنّنہ سریدھر بابو نے عوامی اعتماد ایکٹ بل پیش کیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ ملک کے مختلف بڑے شہروں اور قصبوں کی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد بہتر اور مضبوط حکمرانی کے لئے یہ قانون لایا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ معمولی نوعیت کے جرائم میں سزاؤں کو کم کر کے جرمانہ عائد کرنے کی گنجائش فراہم کرنے کے لئے ترمیمات کی جا رہی ہیں۔ اس بحث میں سرکاری چیف وہپ آدی سرینواس، سی پی آئی رکن کیسامبا سیوا راؤ، کانگریس رکن ڈی ناگیندر اور بی جے پی رکن پائل شنکر نے حصہ لیا۔

DESK

Rammohan Naidu

مرکزی وزیر شہری ہوابازی رام موہن نائیڈو نے کہا کہ ڈرون نظام کو مزید مضبوط بنانے کے لئے آئی آئی ٹی حیدرآباد اور اے پی ڈرون کارپوریشن کے درمیان ایک اہم معاہدہ طے پایا ہے۔ اس معاہدہ کے تحت آئی آئی ٹی حیدرآباد تکنیکی اور علمی شراکت دار کے طور پر خدمات انجام دے گا۔ مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو اور آئی آئی ٹی کے ڈائرکٹر بی ایس مورتی نے آج معاہدہ پر دستخط کئے۔ 'ٹی ہان' کے ذریعہ مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ ٹکنالوجی فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر آئی آئی ٹی ڈائرکٹر نے کہا کہ ڈرون شعبہ کی ترقی کے لئے حکومت اور صنعت کے درمیان شراکت داری ضروری ہے۔

PTC - Sangareddy

Seethakka

ریاست میں خواتین کوصرف قرض حاصل کرنے والی مستحقین کے طور پرنہیں بلکہ معاشی ماہرین اوراثاثوں کی مالکان کے طور پر بااختیار بنانا حکومت کا مقصد ہے۔ یہ بات وزیر بہبود پسماندہ طبقات سیتااکا نے کہی۔انہوں نے کہا کہ خواتین کی معاشی خودمختاری کے لئے’اندرامہیلاشکتی‘ اسکیم ایک نئے معاشی ماڈل کے طور پرسامنے آرہی ہے۔سیتااکا نے بتایا کہ اب تک خواتین کی تنظیموں کو70 ہزارکروڑ روپے کے قرضے فراہم کئے جاچکے ہیں، جبکہ ایک ہزار 903 کروڑ روپے کی سود میں رعایت جاری کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس کے نتیجہ میں 16 لاکھ چھوٹی صنعتیں قائم ہوئی ہیں۔انہوں نے بتایا کہ خواتین کو بسوں کی مالکان بنایا گیاہےاورآرٹی سی کے ذریعہ ہربس سے ماہانہ 70 ہزارروپے کی آمدنی حاصل ہورہی ہے۔شلپارامم کے قریب قائم ’اندرا مہیلا شکتی بازار‘ کے ذریعہ اب تک 10 کروڑ روپے سے زائد کا کاروبار ہو چکا ہے۔سیتااکا نے کہا کہ خواتین کی تنظیموں کوشمسی توانائی کے پلانٹس اوراندراکینٹین کے انتظام کی ذمہ داری دینے کے ساتھ ساتھ جلد ہی رائس ملوں اور گوداموں کا انتظام بھی سونپا جائے گا۔

MSM

Ponguleti Srinivasa Reddy

وزیرریونیو پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ عوامی املاک کے تحفظ کے مقصد سے حکومت نے ریونیو اصلاحات شروع کی ہیں۔اسمبلی میں 22A کے تحت ممنوعہ اراضی سے متعلق مختصر مدتی بحث کے دوران وزیر موصوف نے الزام عائد کیا کہ سابق حکمرانوں نے دھرانی پورٹل کا استعمال کرتے ہوئے لاکھوں ایکڑ اراضی میں بے قاعدگیاں کیں۔ انہوں نے بتایا کہ دھرانی میں موجود

خامیوں کے باعث موصول ہونے والی 5 لاکھ سے زائد درخواستوں کو ان کی حکومت نے حل کیا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ 125 سال بعد ریاست میں جامع اراضی سروے شروع کیا گیا ہے۔ پائلٹ پراجیکٹ کے تحت اضلاع کے مختلف دیہاتوں میں سروے مکمل کر کے کسانوں کو پاس بکس فراہم کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ ڈیڑھ سال کے اندر ریاست بھر میں اراضی سروے مکمل کر لیا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ بھو بھارتی قانون میں موجود ماڈیولس کی تعداد 80 سے کم کر کے 5 کر دی گئی ہے جس سے کسانوں کو درپیش مشکلات میں کمی آئی ہے۔

Desk

OO